ناشر۔ مکتبہ القرآۃ ۔ ماڈل ٹاؤن لاہور

مولانا قاری محمد شریف صاحب، جن کا فیض اللہ رب العزت نے ہر جگہ پھیلایا ۔ فن قرأت میں ایسی شخصیتیں نادرالوجود اور کمیاب ہیں کہ فن تجوید و قرأت میں خود باکمال ہونے کے ساتھ ساتھ تدریس و تعلیم میں ایک معیاری طریقہ اختیار کر کے باکمال تلامذہ پیدا کر سکیں ۔ اللہ تعالیٰ نے یہ ملکہ حضرت قاری صاحب مرحوم کو ودیعت فرمایا تھا ۔ ساری زندگی قرآن و تجوید ۔ تدریس و خدمت میں گذری ۔

پیش نظر کتاب مرحوم کی سعی بلیغ اور عظیم کاوش کا نتیجہ ہے ۔ جس میں تجوید کے جملہ مسائل نہایت سلیس، عام فہم، صاف اور عمدہ اور آسان طریقہ سے بیان کئے گئے ہیں ۔ "معلم التجوید" طلبا رفن کے لئے ایک بیش بہا تحفہ ہے ۔ جسے اب بہت سے دینی مدارس میں باقاعدہ طور درساً پڑھایا جا رہا ہے ۔

انصاف مرتبہ ۔ مولانا محمد صابر ۔ مولانا عبدالسلام ۔ مولانا محمد امتیاز ۔ صفحات ۱۳۶ ۔

پتہ ۔ جمعیت اہلسنت والجماعت ۔ واہ کینٹ ضلع راولپنڈی ۔

واہ کینٹ میں انوار رضا نامی تنظیم کی طرف سے " لاتفرقوا " نامی ایک کتاب شائع ہوئی جس میں علماء دیوبند اور ان کی دینی خدمات اور عظیم تاریخی کردار کو مسخ کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ " انصاف " اس کا ٹھوس مبنی بر حقیقت اور مدلل جواب ہے ۔ اور اپنے موضوع کے لحاظ سے مختصر مگر جامع اور مفید کتاب ہے ۔

کتاب مشکل الحدیث (عربی) للامام ابوبکر محمد بن الحسن بن فورک (م ۴۰۶ھ)

صفحات ۲۱۴ ۔ اشاعت دارالکتب العلمیہ ۔ اکوڑہ خٹک

کتاب مشکل الحدیث ادارہ کی دوسری نادر اور عظیم علمی پیش کش ہے جس پر یہ علمی دنیا کی طرف سے شکریہ کا مستحق ہے ۔ مشکل الحدیث " المصنفات فی الحدیث " کی ایک نوع ہے ۔ جس میں مشکل المراد احادیث کا صحیح محمل اور متعارض احادیث کی تطبیق بیان کی جاتی ہے ۔

علماء اور محدثین میں امام طحاوی کی " مشکل الآثار " کے بعد علامہ ابن الفورک کی کتاب " مشکل الحدیث " متداول اور معروف ہے جو کافی عرصہ سے نایاب تھی ۔ دارالکتب العلمیہ نے اعلیٰ کاغذ اور عمدہ طباعت کے ساتھ علمی حلقوں کے لئے ایک نادر تحفہ پیش کیا ہے ۔

خط و کتابت کرتے وقت خریداری
نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے !